# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا

نمبر: 1491 /ASG تاریخ: 01-08-2024

منجانب:

سیکرٹری

بجانب: جملہ سربراہان کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز ﴿الحاق شدہ سرگودھا بورڈ﴾

عنوان: آن لائن رجسٹریشن شیڈول گیارہویں جماعت (فرسٹ ائیر) بابت تعلیمی سیشن 2024-26ء

محترم/محترمہ! السلام علیکم

مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈ ز کمیٹی آف چیئر مین کے مراسلہ نمبر SO(Boards(Meeting/PBCC/2024 مورخہ 01-08-2024 کیمطابق تعلیمی سیشن 2024-2026ء (سرکاری اور پرائیوٹ الحاق شدہ اداروں کے طلباء/طالبات) گیارہویں جماعت (فرسٹ ائیر) کی آن لائن رجسٹریشن کا شیڈول درج ذیل ہے۔

| سیریل نمبر | شیڈول | تعلیمی اداروں میں آن لائن رجسٹریشن انٹری , Send to Board اور بنک میں فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ | آن لائن رجسٹریشن ریٹرن وکٹ لسٹ کی ہارڈ کاپی مع فیس چالان بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ |
|---|---|---|---|
| 1 | آن لائن رجسٹریشن جماعت گیارہویں (فرسٹ ائیر) بغیر لیٹ فیس | 01-08-2024 تا 20-09-2024 | 20-09-2024 |
| 2 | -/600 روپے لیٹ فیس فی طالب علم (بورڈ کو واجب الادا ہوگی) کے ساتھ جماعت گیارہویں میں رجسٹریشن | 21-09-2024 تا 10-10-2024 | 10-10-2024 |
| 3 | میٹرک کا نتیجہ دیر سے نکلنے کی صورت میں | تاریخ اشاعت نتیجہ سے 10 یوم کے اندر | تاریخ داخلہ سے 10 یوم کے اندر |

## ﴿شرح فیس﴾

رجسٹریشن فیس-/1100 روپے، پروسیسنگ فیس-/630 روپے، سپورٹس فیس-/230 روپے، بورڈ ڈویلپمنٹ فنڈ-/300 روپے، سکالرشپ فیس-/180
-/2440 روپے کل فیس فی طالب علم/طالبہ

☆ OTP چارجز مبلغ-/4000 قبل ازیں جاری دفتری سرکلر نمبر 1380-88/ASG مورخہ 10-07-2023 کے مطابق تمام پرائیویٹ/سرکاری ادارہ جات جمع کروانے کے پابند ہونگے۔

☆ آخری تاریخ کو اتوار یا سرکاری تعطیل ہونے کی صورت میں اگلے روز کو آخری تاریخ تصور کیا جائے گا۔

نوٹ:۔ آن لائن رجسٹریشن کیلئے بورڈ کی ویب سائٹ (www.bisesargodha.edu.pk) مورخہ 10-10-2024 تک Active رہے گی۔ مینول رجسٹریشن ریٹرن قطعاً قابل قبول نہ ہے۔ میٹرک امتحان میں کمپارٹمنٹ کی صورت میں گیارہویں کلاس میں ہرگز داخلہ نہ کیا جائے۔ سربراہان ادارہ جات کو تاکید کی جاتی ہے کہ دیگر بورڈز سے میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد جماعت گیارہویں کے لئے سرگودھا بورڈ میں آن لائن رجسٹرڈ کئے جانے والے طلباء/طالبات کے اصل NOC اور میٹرک رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقول ہمراہ رجسٹریشن ریٹرن ترتیب وائز لازمی منسلک کریں۔ عدم تعمیل کی صورت میں رجسٹریشن ریٹرن قابل قبول نہ ہوگی۔ جس کی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ (کالج انتظامیہ) پر عائد ہوگی۔

## 1۔ انتہائی ضروری ہدایات

(i) ادارہ جات شیڈول میں درج ہدایات کے مطابق ہی طلباء/طالبات کی آن لائن رجسٹریشن کریں مینول/ہاتھ سے کی گئی درستگی (Cutting) والی رجسٹریشن ریٹرن ہرگز قبول نہ ہوگی۔

(ii) ایک ادارہ میں لیٹ فیس کے ساتھ داخل ہونے والے اُمیدواران کی ریٹرن سنگل فیس کے تحت داخل ہونے والے طلباء/طالبات کی ریٹرن سے الگ تیار کی جائے۔
جمع شدہ بنک چالان مع داخل شدہ طلباء/طالبات کی آن لائن رجسٹریشن کٹ لسٹ کی ہارڈ کاپی اور فارورڈنگ لیٹر مقررہ تواریخ کے اندر اندر بورڈ آفس میں جمع کروائیں۔ بنک چالان میں کٹنگ (Tempering/Forgery) کی صورت میں تمام ذمہ داری سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی۔ چالان فارم پر بنک کی مہر اچھی طرح چیک کرلیں جو کہ صاف پڑھی جانی چاہیے۔ رجسٹریشن فیس کی مد میں جمع شدہ فیس ناقابل واپسی ہے۔ چیک اور بنک ڈرافٹ کسی بھی صورت میں قابل قبول نہ ہوگا۔

(iii) آن لائن رجسٹریشن کی ہارڈ کاپی کے ہر صفحہ پر سربراہ ادارہ کے دستخط ومہر ثبت ہونا ضروری ہیں۔ طلباء/طالبات کے ناموں کے سامنے ان کے دستخط کروانا ضروری ہوں گے بصورت دیگر مبلغ-/250 روپے فی غلطی کے حساب سے جرمانہ عائد ہوگا۔

(iv) رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی ارسال کرنے کے بعد اگر کوئی طالب علم/طالبہ کسی وجہ سے ادارہ سے خارج ہوجائے تو اس کی اطلاع بروقت سیکرٹری بورڈ کو بھیجنا ضروری ہے۔

CamScanner

(v) **(ترتیب فائل)** رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ساتھ آن لائن رجسٹریشن پروگرام سے ڈاؤن لوڈ کردہ ترسیلی مراسلہ (فارورڈنگ لیٹر) ارسال کرنا ضروری ہے۔فیس کا بنک چالان ترسیلی مراسلہ کی پشت پر چسپاں کریں نیز ترسیلی مراسلہ کے ساتھ ریٹرن کی ہارڈ کاپیاں گروپ وائز اور سیریل وائز اور NOC وائز لف کریں۔فائل کور پر ادارے کا ٹیلی فون نمبر اور ادارہ کا کوڈ نمبر ضرور لکھیں۔بورڈ کے الحاق شدہ ادارے کا تجدید شدہ سرٹیفکیٹ برائے الحاق کی نقل رجسٹریشن ریٹرن ہارڈ کاپی کے ساتھ ضرور منسلک کریں۔

(vi) حکومت پنجاب کے نوٹیفکیشن No.S.O(C.A)1-28/2015 مورخہ 20-07-2016 کی ہدایت و دفتر ہذا کے جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر 19 مورخہ 30-08-2016 کے مطابق سابقہ 5 سال کے میٹرک پاس طلباء/ طالبات کو درج ذیل شرائط کے مطابق گیارہویں جماعت میں داخلہ دیا جاسکتا ہے۔سربراہ ادارہ ایڈمشن کمیٹی کی سفارشات کے مطابق طلباء/ طالبات کو کالج میں داخلہ دے گا۔کالج کونسل/ BOG اپنے سپیشل اجلاس میں توثیق کے بعد اصل کارروائی کے ہمراہ کیس بورڈ کو ارسال کرے گا۔چیئر مین بورڈ رجسٹریشن/ داخلہ کے لئے اُس کی منظوری دے گا۔ایسے تمام داخلہ جات سختی کے ساتھ کالج کے میرٹ کے مطابق کئے جائیں گے۔ طلباء/ طالبات بیان حلفی دیں گے کہ اُنہوں نے میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد اور کالج میں داخلہ کی درخواست سے قبل کسی بھی ادارہ میں داخلہ حاصل کر کے گیارہویں جماعت میں رجسٹریشن نہ کروائی ہے اور نہ ہی بطور پرائیویٹ اُمیدوار امتحان دیا ہے۔ادارہ کالج کونسل کی اصل کارروائی اور امید وار کا اشٹام پیپر پر حلفیہ بیان جو اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ ہو بورڈ ہذا کو ارسال کرے گا۔

(vii) ایسے سرکاری/ تسلیم شدہ ادارے جن میں طالب علموں کی تعداد رجسٹریشن 100 سے زائد ہو وہ رجسٹریشن فیس کے ہمراہ رزلٹ گزٹ/ CD کی فیس مبلغ -/700 روپے کمپوزٹ کیلئے بھی جمع کروائیں یہ بنک چالان الگ لف کرنا ہوگا۔نیز بعد از اشاعت رزلٹ جمع شدہ چالان (-/700) دکھا کر سٹور برانچ سے رزلٹ CD حاصل کر سکتے ہیں۔

(viii) تمام ادارہ جات پر بورڈ کی طرف سے جاری کردہ رجسٹریشن شیڈول کا اطلاق ہوگا۔کسی ادارہ کی طرف سے الحاق کیس مقررہ شیڈول کے بعد موصول ہونے اور Affiliation تاخیر سے ہونے کی صورت میں رجسٹریشن کیلئے جاری شیڈول کا اطلاق ہوگا۔

(ix) بارہویں جماعت کا امتحان دینے کے بعد یا بارہویں جماعت کا داخلہ ارسال کرنے کے بعد شامل امتحان نہ ہونے کی صورت میں ریگولر/ پرائیویٹ اُمیدوار کسی بھی تعلیمی ادارہ میں دوبارہ گیارہویں جماعت میں داخلہ لینے کا اہل نہیں ہوگا۔حقائق چھپا کر قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنے کی بناء پر کوائف (Trace) ہونے پر ایسے امیدوران کا داخلہ /رجسٹریشن منسوخ کرنے نیز ادارہ کے خلاف کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔

(x) اُمیدوران کے ڈیٹا کو کنفرم کرنے سے پہلے پروف پرنٹ (Proofread) نکال کر تمام ڈیٹا طلباء/ طالبات کو اچھی طرح چیک کرالیا جائے۔ چیک کرنے کے بعد کنفرم درست ڈیٹا کو "Send to Board" کر کے فائنل ہارڈ کاپی کا پرنٹ نکال لیا جائے۔اس کے بعد ڈیٹا میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی نہ کی جائے۔ دفتر ہذا میں آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کا (Proofread) پرنٹ قابل قبول نہ ہوگا۔

(xi) ایسے امیدواران جو سابقہ 5 سالوں میں انٹر-I (جماعت گیارہویں) میں رجسٹریشن کروانے کے بعد شامل امتحان نہ ہوئے اور نہ ہی ایڈمشن فارم بھیجا۔ایسے اُمیدواران شیڈول ہذا میں درج تواریخ کے اندر ہی اپنی سابقہ آن لائن رجسٹریشن باضابطہ سہولیاتی مرکز بورڈ ہذا سے منسوخ کروانے کے بعد ہی ری ایڈمشن کے اہل ہوں گے البتہ جماعت گیارہویں میں پاس شدہ / Promoted طلباء/ طالبات ری ایڈمشن سے قبل اپنا سابقہ رزلٹ انٹر برانچ سے منسوخ کروائیں۔

(xii) آن لائن رجسٹرڈ طلباء/ طالبات کے کوائف دفتر ہذا میں جمع کروائی جانے والی رجسٹریشن (کٹ لسٹ) کی ہارڈ کاپی کے مطابق ہونا ضروری ہے۔

(xiii) کوئی بھی الحاق شدہ سرکاری، پرائیویٹ ادارہ اپنے ادارے کے طلباء/ طالبات کے علاوہ پرائیویٹ یا کسی دوسرے غیر الحاق شدہ ادارہ ، اکیڈمی ، ٹیوشن سنٹر کے طلباء/ طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن بورڈ میں بھیجنے کا مجاز نہ ہوگا۔ بصورت دیگر ایسے ادارے کا بورڈ سے الحاق ختم کر دیا جائے گا اور طلباء/ طالبات کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔

(xiv) نقاب یا ماسک والی/ غیر واضح بلر تصویر قابل قبول نہ ہوگی۔

## 2- NOC کی بنیاد پر داخلہ/ بیرون ملک سے آمدہ کیس

### NOC کی بنیاد پر داخلہ

دیگر بورڈز سے میٹرک پاس کرنے کے بعد NOC کی بنیاد پر انٹر پارٹ-I میں داخل ہونے والے طلباء/ طالبات کی رجسٹریشن ادارہ جات خود آن لائن پروگرام کے تحت فیڈ کرنے کے پابند ہونگے۔ ادارہ جات ایسے طلباء/ طالبات کا آن لائن ریکارڈ (میٹرک رزلٹ) چیک کرنے کے بعد کوائف فیڈ کریں۔ رجسٹریشن پروگرام میں OTHER BOARDS کا آپشن /TAB استعمال کرتے ہوئے دیگر بورڈ کے طلباء/ طالبات کے کوائف احتیاط سے فیڈ کریں گے۔تضاد کی صورت میں رجسٹریشن قابل قبول نہ ہوگی۔آن لائن رجسٹریشن پروگرام میں دیگر بورڈز کے طلباء/ طالبات کا ڈیٹا ان کے میٹرک رولنمبر کے ساتھ 9 کے ہندسہ کے ساتھ مع کوائف (SHOW) ہوجائے گا۔دیگر بورڈز کے طلباء/ طالبات کی کٹ لسٹ/ ریٹرن کی ہارڈ کاپی الگ سے ڈاون لوڈ کریں۔ادارہ جات دیگر بورڈز طلباء کے اصل NOC مع جمع شدہ فیس چالان + رزلٹ کارڈ مصدقہ نقول آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کے ہمراہ لف کریں/ ترتیب وائز لگائیں اور بورڈ آفس شیڈول کے اندر اندر جمع کروائیں۔دوران سیشن کسی بھی وقت NOC / میٹرک رزلٹ بوگس (BOGUS) ثابت ہونے پر بورڈ اُمیدوار کی رجسٹریشن منسوخ کرسکتا ہے۔جس کی تمام تر ذمہ داری اُمیدوار/ اُمیدوارہ/ ادارہ انتظامیہ پر عائد ہوگی۔اصل NOC اور میٹرک رزلٹ کارڈ کی واضح مصدقہ نقل کے بغیر رجسٹریشن ریٹرن قطعاً قابل قبول نہ ہوگی اور اس ضمن میں کوئی بھی عذر قبول نہیں کیا جائے گا۔

### بیرون ملک سے میٹرک (G.C.E.O Level) پاس آمدہ کیس

ایسے طلباء/ طالبات جنہوں نے بیرون ملک سے میٹرک کے برابر امتحان پاس کیا ہو سربراہ ادارہ ان کا داخلہ انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئر مین اسلام آباد (IBCC) کی طرف سے جاری کردہ مساوی سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) اور مارکس شیٹ کالج کو فراہم کرنے پر ہی کرے۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ ان کے ایکولینس سرٹیفکیٹ کی آئی بی سی سی (IBCC) سے تصدیق شدہ فوٹو کاپی لازمی منسلک کریں۔بیرون ملک سے آمدہ طلباء/ طالبات کی آن لائن رجسٹریشن کیلئے بھی رجسٹریشن پروگرام میں "OTHER BORAD" کا آپشن /TAB

CamScanner

استعمال کرتے ہوئے ڈیٹا انٹر کرنا ادارہ کی ذمہ داری ہوگی۔ بیرون ملک سے کسی گورنمنٹ یا پرائیویٹ منظور شدہ ادارہ سے سرٹیفکیٹ لے کر آنے والے اُمیدواران اپنے کوائف پاکستانی سفارت خانہ/منسٹری آف ایجوکیشن سے تصدیق کے بعد دوران سال/امتحان سے 30 یوم قبل تک کسی بھی وقت داخلہ لے سکتے ہیں۔تاہم ترسیل رجسٹریشن ریٹرن کی دیگر شرائط و جرمانہ درج شق نمبر 4 کے مطابق لاگو ہوں گی۔ واضح رہے کہ انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئر مین اسلام آباد (IBCC) سے مساوی سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی موصول نہ ہونے کی صورت میں رزلٹ انٹر-I (جماعت گیارہویں) کی اشاعت رُوک لی جائے گی۔

## 3۔ جماعت گیارہویں/بارہویں جاری میں NOC کی بنیاد پر داخلہ

دیگر بورڈز سے جماعت گیاہویں/بارہویں میں زیر تعلیم امیدواران متعلقہ بورڈ سے Migrate ہو کر NOC کے اجراء کے 45 یوم کے اندر اندر داخلہ لے سکتے ہیں۔داخلہ کی تاریخ کے بعد 10 یوم کے اندر اندر فارورڈنگ لیٹر + اصل NOC + مجوزہ فیس کا اصل کمپیوٹرائزڈ بنک چالان + پاسپورٹ سائز 2 عدد رنگین تازہ تصاویر + سکول/کالج چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ (College leaving Certificate) کی مصدقہ نقل + ب فارم/CNIC کی مصدقہ کاپی + میٹرک/گیارہویں کے رزلٹ کارڈ کی مصدقہ کاپی + سربراہ ادارہ سے تصدیق شدہ مینول رجسٹریشن ریٹرن جس میں تمام کوائف اور مضامین کی تفصیل درج ہو، کے ہمراہ بذات خود آن لائن رجسٹریشن کیلئے متعلقہ ادارے کا آفیشل جنرل برانچ سے رابطہ کرے۔تاخیر کی صورت میں مبلغ-/100 روپے یومیہ جرمانہ نا قابل معافی سربراہ ادارہ (سکول/کالج انتظامیہ) سے چارج کیا جائے گا۔ دیگر بورڈز سے آنے والے طلباء/طالبات سرگودھا بورڈ میں ری ایڈمشن حاصل نہیں کر سکتے۔رجسٹریشن کے وقت کسی بھی سطح پر NOC/میٹرک رزلٹ/College leaving Certificate بوگس ثابت ہونے پر بورڈ رجسٹریشن منسوخ کر سکتا ہے۔جس کی تمام تر ذمہ داری اُمیدوار/اُمیدوار/ادارہ انتظامیہ پر عائد ہوگی۔اُمیدواران کے نتائج/NOC متعلقہ بورڈز سے تصدیق (Verify) نہ ہونے تک ان کے رزلٹ انٹر پارٹ-I کی اشاعت رُوک لی جائے گی۔ واضح رہے کہ جماعت بارہویں میں فیل شدہ اُمیدواران کسی بھی صورت میں ریگولر داخلہ کے اہل نہ ہیں۔

واضح رہے کہ امتحانی داخلہ ڈبل فیس شیڈول جاری رہنے تک مائیگریشن/NOC کی بنیاد پر داخلہ کیا جا سکتا ہے اس کے بعد کوئی داخلہ مائیگریشن/NOC کی بنیاد پر نہ ہوگا۔

تاہم والدین/سرپرست کی ٹرانسفر وغیرہ کی صورت میں NOC کی بنیاد پر امتحان شروع ہونے سے 20 یوم قبل تک امیدوران کو داخلہ کی اجازت ہوگی۔

## 4۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصولہ ریٹرن پر جرمانہ

آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی آخری تاریخ گزر جانے کے بعد جمع نہ ہونے کی صورت میں درج ذیل شرح سے ادارہ جات جرمانہ اصل چالان کے تحت بورڈ ریٹرن کے ہمراہ لف کر کے جمع کروا سکیں گے۔واضح رہے کہ آنے والے آفیشل کو بورڈ کی طرف سے کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔

(i) طلباء/طالبات کی تعداد 5 تک پہلے ماہ-/1000 روپے جرمانہ اس کے بعد ہر ماہ-/3000 روپے جرمانہ

(ii) طلباء/طالبات کی تعداد 10 تک پہلے ماہ-/2000 روپے جرمانہ اس کے بعد ہر ماہ-/5000 روپے جرمانہ

(iii) 10 سے زائد طلباء/طالبات کی صورت میں پہلے ماہ -/500 روپے یومیہ جرمانہ اس کے بعد-/1000 روپے یومیہ جرمانہ نا قابل معافی ہوگا اور نہ ہی اس کے بارے میں اپیل کی جا سکے گی۔جرمانہ سربراہ ادارہ (سکول/کالج انتظامیہ) سے چارج کیا جائے گا۔

## 5۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن میں مضامین/کوائف کی درستگی کا طریقہ کار

(i) رجسٹریشن ریٹرن میں درستگی مضمون/مضامین کیلئے بورڈ کی ویب سائٹ سے درخواست فارم ڈاؤن لوڈ کرنے کے بعد جاری ہدایات پر عمل کریں۔سربراہ ادارہ فارم تصدیق کرے نیز ہر لحاظ سے مکمل درخواست فارم (مع فیس چالان) مقررہ تاریخ کے اندر اندر جمع کروائیں۔

(ii) میٹرک رزلٹ کارڈ/سند اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن میں تضاد کی صورت میں کوائف کی درستی کیلئے بورڈ ہذا سے رجوع کرنا ہوگا۔ NOC کی بنیاد پر داخل کیے جانے والے طلباء/طالبات کے کوائف کی درستی کیلئے بورڈ ہذا کی ویب سائٹ پر موجود درخواست فارم برائے درستگی رجسٹریشن ڈیٹا پر درخواست گزارنا ہوگی۔

### شیڈول تبدیلی مضمون/مضامین/گروپ، درستگی کوائف

| کیٹا گری | | مجوزہ فیس | | آخری تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| (i) | مضمون تبدیلی (سنگل فیس) | تبدیلی فی مضمون<br>تبدیلی گروپ | مبلغ-/450 روپے<br>مبلغ-/1250 روپے | 31-12-2024 |
| (ii) | مضمون تبدیلی (ڈبل) | تبدیلی مضمون/مضامین<br>تبدیلی گروپ | مبلغ -/850 روپے<br>مبلغ-/2450 روپے | امتحانی شیڈول شروع ہونے سے قبل تک |

کوائف میں درستگی فی غلطی مبلغ-/250 روپے کے ساتھ مورخہ **31-12-2024** تک جبکہ لیٹ جرمانہ کے تحت مبلغ-/850 روپے فی غلطی کے ساتھ امتحانی شیڈول شروع ہونے سے قبل تک ہو سکے گی۔

## 6۔ دوبارہ داخلہ (Re-Admission)

(i) ادارہ جات کے سربراہان جماعت گیارہویں میں فیل/غیر حاضر یا 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے طلباء/طالبات کو اپنے ہی گروپ/کمبی نیشن میں یا اپنا گروپ/کمبی نیشن تبدیل کر کے انٹرمیڈیٹ پارٹ-I (گیارہویں جماعت) سالانہ امتحان 2024ء کا رزلٹ شائع ہونے سے 15 یوم کے اندر اندر آن لائن ری ایڈمٹ کر سکتے ہیں۔ نیز اگلے 15 یوم کے اندر اندر ری ایڈمشن/ریٹرن کی ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں ہر صورت جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ ری ایڈمشن کا علیحدہ سے کوئی شیڈول جاری نہ ہوگا۔ سربراہ ادارہ کو اُمیدواران کی طرف سے بیان حلفی جمع کروانا ہوگا کہ وہ جماعت بارہویں کے امتحان میں شامل نہ ہوا ہے/نہ ہوئی ہے نیز یہ کہ ری ایڈمیشن حاصل کرنے والے اُمیدوار/اُمیدوارہ امتحان پارٹ II میں اعلیٰ نمبرز کی بنیاد پر کسی ایوارڈ/پوزیشن کا مستحق نہ ہوگا/ہوگی۔اور نہ ہی اپنے سابقہ نتیجہ کی بحالی کا مطالبہ کرے گا/گی۔

(ii) سابقہ 5 سال میں ایک مرتبہ انٹر پارٹ-I میں شامل امتحان ہونے والے طلباء/طالبات گیارہویں میں نوٹیفکیشن نمبر 01 مورخہ 14-01-2019 کے تحت سابقہ ادارہ چھوڑ کر کسی بھی دوسرے ادارہ میں ری ایڈمشن حاصل کر سکتے ہیں۔پاس اُمیدواران (انٹر-I) کے لئے اپنا سابقہ رزلٹ شعبہ امتحان (انٹر برانچ) سے منسوخ کروانا ضروری ہے واضح رہے کہ ایسے طلباء و طالبات پارٹ II میں اعلیٰ نمبرز کی بنیاد پر پوزیشن/ایوارڈ کے اہل نہ ہوں گے۔

CS CamScanner

### 7۔ بورڈ کی حدود میں ایک ادارہ سے دوسرے ادارہ میں مائیگریشن

ایک ادارہ دوسرے ادارے میں مائیگریشن کے لئے سربراہ ادارہ سے آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی مصدقہ فوٹو کاپی کے ہمراہ دفتر ہذا کی طرف سے جاری کردہ مجوزہ مائیگریشن فارم پر درخواست گزاریں اور مبلغ/2500 روپے مائیگریشن فیس بورڈ کے کھاتہ میں جمع کروانا ہوگی۔ فارم پر درج شدہ ہدایات کے مطابق مائیگریشن سرٹیفکیٹ آن لائن اپلائی کر کے دفتر ہذا کی ویب سائیٹ سے نئے ادارے والے اپنے Log-in میں آن لائن Receive کریں گے۔ لوکل مائیگریشن کی صورت میں مبلغ/7500 روپے فیس جمع کروانا ہوگی۔ مائیگریشن سرٹیفکیٹ کے اجراء کے بعد 15 دن کے اندر اندر داخلہ آن لائن سسٹم کے تحت (Online Receive) نئے ادارہ سے کرنا ضروری ہے۔ امتحانی داخلہ کی ڈبل فیس شیڈول تک مائیگریشن سرٹیفکیٹ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ نیز مائیگریشن (Online Receive) کروانے کے بعد سربراہ ادارہ/طالبعلم/طالبہ کو مائیگریشن سرٹیفکیٹ ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں جمع کروانے کی ضرورت نہ ہے۔

### ﴿انتہائی ضروری نوٹ﴾

**اُمیدواران کو کالج میں داخلہ دینے سے قبل نتیجہ کارڈ کے کوائف/رزلٹ متعلقہ تعلیمی بورڈ کی ویب سائٹ سے اچھی طرح چیک کرلیں۔ رزلٹ چیک نہ ہونے کی صورت میں رزلٹ/NOC کی متعلقہ تعلیمی بورڈ سے تصدیق (Verification) کروائیں تاکہ کوئی امیدوار جعلی (Bogus) نتیجہ کارڈ/NOC پر داخلہ نہ لے سکے۔ بوگس یا فیل رزلٹ کارڈ/Equivalence Certificate/NOC پر داخلہ دینے والے ادارہ/سربراہ ادارہ/کالج انتظامیہ کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور ادارہ کا الحاق منسوخ بھی کیا جاسکتا ہے۔ میٹرک فیل یا کمپارٹمنٹ والے امیدوار کا رجسٹریشن نمبر اگر غلطی سے جاری بھی ہوگیا تو وہ منسوخ تصور کیا جائے گا۔ تعلیمی ادارے سیشن 2024-2026ء کے لئے مختلف گروپس/مضامین کے کمبی نیشن بناتے وقت بورڈ کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفیکیشن نمبر 12 مورخہ 22-09-2012 (سکیم آف سٹڈیز برائے انٹرمیڈیٹ امتحانات) کے مطابق مختلف کمبی نیشن بالخصوص جنرل سائنس اور آرٹس گروپ کی پابندی کریں۔ بورڈ کے فیصلے کو کسی عدالت میں چیلنج نہ کیا جاسکے گا۔**

-sd-

سیکرٹری

**نقول برائے اطلاع:۔**

1۔ ڈائریکٹر آف ایجوکیشن کالجز سرگودھا ڈویژن سرگودھا۔

2۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) سرگودھا، خوشاب، میانوالی، بھکر۔

3۔ سربراہان ملحقہ ادارہ جات (کالجز/ہائرسیکنڈری سکولز)

4۔ جملہ سیکرٹریز پنجاب بورڈ

5۔ ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ سرگودھا اشاعت قومی ومقامی اخبارات۔

6۔ UBL بورڈ کیمپس سرگودھا

7۔ جملہ افسران بورڈ ہذا۔

8۔ ویب ڈویلپر اینڈ مینجر بورڈ ہذا۔

8۔ ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سرگودھا

21/8/24

اسسٹنٹ سیکرٹری (جنرل)

برائے سیکرٹری